بسم اللہ الرحمن الرحیم
نسیم قادری
لفظی ترجمہ و تحشیہ
کریما سعدی
مفتی محمد رضا المصطفےٰ ظریف القادری
ملنے کا پتہ
مکتبہ قادریہ نزد میلاد مصطفےٰ چوک سرکلر روڈ گوجرانوالہ
فون نمبر: 055-4237699 فیکس: 055-4237699 موبائیل: 0300-6480336

بندہ ناچیز اپنی اور جملہ اراکینِ ادارہ تعلیماتِ اسلامیہ کی طرف سے مفسّر و مترجم قرآن مجید، فقیہ العصر، ابوالخطاب مفتی محمّد رضاء المصطفٰے ظریف القادری صاحب کی بھرپور خدماتِ دینیہ پر انہیں مبارکباد پیش کرتا ہے اور ان کی درازئ عمر مع صحت و عافیت کی دعا کرتا ہے۔

ع ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

محمّد طاہر رضا قادری

صدر میلاد کمیٹی میاں سانسی روڈ

و مرکزی صدر ادارہ تعلیماتِ اسلامیہ پاکستان

و پروپرائیٹر طاہر ٹریولنگ ایجنسی

الحسین پلازہ۔ امین آبادی دروازہ گوجرانوالہ

Mob 0300 - 6481464

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نسیم قادری

لفظی ترجمہ وتحشیہ

کریما سعدی

مفتی محمد رضاء المصطفےٰ ظریف القادری

ملنے کا پتہ

مکتبہ قادریہ نزد میلاد مصطفےٰ چوک سرکلر روڈ گوجرانوالہ

فون نمبر: 055-4237699 فیکس: 055-4237699 موبائیل: 0300-6480336

انتساب

بندہ ناچیز اپنی اس حقیر سی خدمتِ ترجمہ وتحشیہ کریما کو آسمان علم وعرفان کے درخشندہ ستارے گلشن علمِ ادب واخلاق کے مہکتے پھول حضرت شیخ سعدی شیرازی علیہ رحمۃ الباری کے اسمِ گرامی سے منسوب کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہے کہ جن کی آفاقی علمی وادبی اور اخلاقی خدمات کی برکت سے ہزاروں گمراہ نہ صرف صراطِ مستقیم پر گامزن ہوئے بلکہ بے مثال پیش رو بن گئے۔

ع گر قبول اُفتد زہے عز و شرف

محمد رضاء المصطفیٰ ظریف القادری

خلیفہ مجاز شہزادۂ اعلیٰحضرت مفتیٔ اعظم ہند علیہ الرحمۃ

بریلی شریف (انڈیا)

مفتی ومدرس جامعہ حنفیہ رضویہ سراج العلوم

مہتمم جامعہ قادریہ ومرکزی امیر ادارہ تعلیماتِ اسلامیہ گوجرانوالہ

۱۵-۶-۱۴۲۶ھ

سخنہائے گفتنی

خدائے ذوالجلال والاکرام نے اپنے محبوبِ کریم ﷺ کی امت مرحومہ میں عہدِ حاضر کے جن خوش بخت حضرات کو زبان وقلم کی قوت سے بہرہ مند فرمایا ہے اُن میں سے ایک گلشنِ رضویّت کے مہکتے پھول آسمانِ علم وفضل کے درخشندہ ستارے علامہ مفتی محمد رضاء المصطفٰی ظریف القادری کی شخصیّت نمایاں نظر آتی ہے آپ بیک وقت بہترین مدرس بلند پایہ مفتی، نکتہ آفریں خطیب، زبردست محقق، مؤثر مبلغ، بہترین منتظم، معاملہ فہم ومدبر رہنما، شیخ طریقت اور نامور مصنّف ہیں۔ آپ کے بے شمار فتاویٰ وتصنیفات میں سے قرآن مجید کا عام فہم لفظی ترجمہ نورالایمان، ربیع الوردہ لفظی ترجمہ قصیدہ بردہ، سنی تقویۃ الایمان اور کتاب بیانِ طلاق خوبصورت علمی شاہکار ہیں یونہی عرب دنیا میں مناظرِ اسلام علامہ محمد عباس صاحب رضوی مدظلہ کی محکمہ اوقاف میں بطورِ ریسرچ آفیسر تقرری آپ کا اہلسنت وجماعت پر عظیم احسان اور بے مثال کارنامہ ہے۔

آپ کے تدریسی دورانیہ میں علمی وملّی خدمات سرانجام دینے کے لیے ہمالیہ کی بلندیوں کو چھونے اور فاران کی چوٹیوں سے ٹکرانے دشت وبیابانوں کو روندنے اور جذبۂ عشق ومحبت میں بڑے بڑے دریاؤں میں کود جانے والے حضرات کی جو بہترین وپامرد ٹیم تیار ہو چکی ہے اُن میں سے چند شخصیات کے اسماءِ گرامی درج ذیل ہیں۔

★ مناظرِ اسلام مولانا علامہ محمد عباس صاحب رضوی ★ جگر گوشۂ نباض قوم مولانا صاحبزادہ محمد داؤد صاحب رضوی

★ نامور مذہبی سکالر پروفیسر محمد عظیم فاروقی صاحب ★ استاذ العلماء مولانا محمد باغ علی صاحب رضوی

★ خطیب اہلسنت مولانا محمد شریف صاحب صدیقی ★ مقررِ شعلہ بیان مولانا محمد افضل صاحب شکر گڑھی

★ نامور سیاست دان مولانا صاحبزادہ نصیر احمد صاحب اویسی ★ حکیم اہلِ سنت مولانا حکیم محمد یعقوب صاحب رضوی

★ مبلغ اہلسنت مولانا محمد فیاض الحسن صاحب صدیقی ★ خوبصورت مذہبی سکالر پروفیسر حافظ محمد سعید چشتی صاحب

★ خطیبِ ملت مولانا حافظ محمد اشرف رضا صاحب ★ سحرِ بیان خطیب ڈاکٹر محمد ارشد انصاری صاحب

★ مجاہدِ اہلِ سنت مولانا قاضی محمد یعقوب صاحب رضوی نارووالی ★ فخر السادات مولانا صاحبزادہ سیّد اصغر علی شاہ صاحب

★ مفکرِ اسلام مولانا حافظ محمد صفدر رضا صاحب ★ خطیب پاکستان مولانا محمد عبدالرشید صاحب صدیقی

★ مجاہدِ اہلسنت مولانا قاری محمد طاہر رضا صاحب قادری ★ مولانا پیر محمد ساجد صاحب قادری

★ مولانا محمد طارق رضا صاحب ایم اے ★ شعلہ نوا خطیب مولانا حافظ غلام عباس صاحب چٹھہ

★ مولانا صاحبزادہ محمد رؤف صاحب رضوی ★ مولانا قاری عبداللطیف صاحب چشتی راہوالی ● حافظ فیض سلطان صاحب

★ مولانا حافظ غلام شبیر صاحب چشتی راہوالی ★ مولانا ڈاکٹر احمد بشیر صاحب رضوی ★ اُستاذ العلماء مولانا غلام مرتضی صاحب ساقی ★ خطیبِ ملت مولانا حافظ محمد شہباز صاحب صدیقی (یونان) ★ فخر القراء حافظ ذوالفقار احمد صاحب رضوی (مسقط) ★ مولانا محمد عارف صاحب رضوی (الریاض) ★ مولانا صاحبزادہ محمد طیب عثمان صدیقی صاحب (آزاد کشمیر) ★ مولانا قاری محمد عارف صاحب پرنسپل جامعہ ہجویریہ (لاہور)

● پروفیسر امتیاز احمد صاحب پسرور ★ پروفیسر عبدالرحمن صاحب ★ خطیبِ شہیر مولانا سید شہباز احمد شاہ صاحب

★ پروفیسر سکندر ذوالقرنین صاحب ★ مفتی محمد رمضان صاحب بلجیم ★ مولانا محمد رمضان صاحب مجددی

★ مولانا صاحبزادہ سید محمد حسن رضا شاہ صاحب ★ استاذ العلماء مولانا خاور حسین صاحب سیالکوٹ

★ اور راقم الحروف قاری محمد سرفراز احمد فیاضی

تازہ کارنامہ:۔ مفتئ اہلسنت کی منصۂ شہود پر جلوہ گر ہونے والی متعدد کتب کے علاوہ بعض کتب کے مسودات تیار اور کئی زیرِ قلم ہیں آپکا زیرِ نظر ترجمہ وتحشیہ الموسوم بہ نسیما قادری ترجمہ وتحشیہ کریما سعدیؒ علمی دنیا میں علماء وطلباء کے لیے ایک مفید تر تحفہ ہے۔

دعا ہے کہ مولیٰ کریم اپنے محبوبِ کریم ﷺ کے وسیلہ جلیلہ سے آپ کی تمام علمی وملّی خدمات کوشرفِ قبولیت سے نوازتے ہوئے آپ اور ہم سب کے لیے ذریعہ نجات بنائے۔ ﴿آمین﴾

(مولانا) سرفراز احمد فیاضی

ضلعی ناظم جماعت اہلسنت گوجرانوالہ

1-8-2005

حضرت شیخ سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ

نام: شرف الدین، لقب مصلح تخلص سعدی، متوطن شیراز جو کہ طویل عرصہ ایران کا دارالا مارت رہا۔

سنِ پیدائش: اندازاً ۵۸۹ھ، وفات ۶۹۱ھ۔

والد کا نام: شیخ عبداللہ تھا آپ انتہائی صاحبِ تقویٰ اور با کردار شخصیت کے حامل تھے۔

مادرِ علمی: جامعہ شیراز اور اس کے بعد بغداد شریف کا عالمی تعلیمی ادارہ جامعہ نظامیہ۔

اساتذہ: شیخ ابوالفرح عبدالرحمٰن بن جوزی وغیرہ۔

تقسیمِ عمر: تیس برس تحصیلِ علم تیس برس سیر و سیاحت، تیس برس تصنیف و تالیف اور باقی عمر وظائف و اوراد میں مشغول رہے۔

آپ کا مقبول شاہکار:

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ ۔۔۔ کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ

حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ ۔۔۔ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَآلِہٖ

لفظی حصہ رسول ﷺ: یاد رہے کہ حضرت شیخ سعدی نے مذکور نعتیہ رباعی کے تین مصرعے لکھ لیے لیکن چوتھا بن نہیں رہا تھا کہ خواب میں آپ کو رسول اللہ ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی آپ نے حکم فرمایا جو نعت تم نے لکھی ہے مجھے سناؤ حضرت سعدی نے دست بستہ عرض کیا ابھی تین مصرعے ہوئے ہیں۔ چوتھا مصرع بن نہیں رہا آپ نے فرمایا وہ تین ہی سناؤ شیخ سعدی نے عرض کیا۔

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ ۔۔۔ کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ

حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ

یہ کہہ کر شیخ سعدی خاموش ہو گئے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہتے کیوں نہیں .... صَلُّوْا عَلَیْہِ وَآلِہٖ ﷺ

اس طرح یہ مبارک نعتیہ رباعی مکمل ہوئی۔ بحوالہ (کتاب سیرت النبی ج ۲ ص ۱۳۱ از محمد عبدالمجید ایڈووکیٹ دیوبندی)

مذہباً: اہلسنت و جماعت

مسلکاً: شافعی یعنی آپ سیّدنا امام شافعی علیہ الرحمہ کے مقلّد تھے۔

بیعت: آپ شیخ شہاب الدین سہروردی علیہ الرحمہ سے بیعت تھے۔

عقائد و نظریات: حضرت سعدی علیہ الرحمہ کے عقائد و نظریات بالکل وہی تھے جو آج اہلسنت و جماعت حنفی بریلوی مکتبِ فکر کے ہیں چنانچہ ملاحظہ ہو۔

نداونیازمندی: حضرت سعدی بارگاہِ رسالت ﷺ میں عرض کرتے ہیں۔

من گدائے تو یارسول اللہ (ﷺ)

جاں فدائے تو یارسول اللہ (ﷺ)

☆ یارسول اللہ ﷺ میں آپ کی درگاہِ عالیہ کا ایک کمینہ فقیر ہوں اور میری یہ جان حقیر آپ پر قربان ہے۔

گر بیا بم بہ دیدہ سرمہ کشم

خاک پائے تو یارسول اللہ (ﷺ)

☆ یارسول اللہ ﷺ میرے دل میں یہ حسرت موجزن ہے کہ مجھ کو حضور والا کے قدم ناز کی خاک میسّر آجائے تو میں اس کو اپنی آنکھوں میں سرمہ بنا کر لگاؤں۔

کاش ہر موئے من زباں بودے

در ثنائے تو یارسول اللہ (ﷺ)

☆ یارسول اللہ ﷺ کیا اچھا ہوتا کہ میرے رونگٹے آپکی تعریف وتوصیف بیان کرنے کے لیے زبان بن جاتے۔

ارحم الرّاحمین نہ ھم بخشد

بے رضائے تو یارسول اللہ (ﷺ)

☆ یارسول اللہ ﷺ میرا اس بات پر ایمان ہے کہ جس شخص سے آپ راضی نہیں ہوں گے اس کو اللہ تعالیٰ بھی معاف نہ فرمائے گا۔

سر نہاد است بر درت سعدیؔ

در ہوائے تو یارسول اللہ (ﷺ)

☆ سعدیؔ نے نہایت عاجزی وانکساری کے ساتھ اپنا سر آپ کی چوکھٹ پر رکھ دیا ہے اس امید پر کہ اس ناچیز سے راضی ہو جائیں

﴿مسلکِ شیخ سعدیؔ صفحہ ۲﴾

غیر مقلدین کا اعتراف: رسولِ کریم ﷺ کو ندا اور آپکی نورانیت و بے مثلیت پر مشتمل حضرت سعدیؔ علیہ الرحمہ کی درج ذیل رباعی کو رسالہ الاعتصام نے درست قرار دیا ہے۔

رباعی

یا صاحب الجمال ویا سید البشر
من وجھک المنیر لقد نور القمر

لایمکن الثناء کما کان حقہ
بعد از خدا بزرگ توئی قصّۂ مختصر

﴿الاعتصام ۲۹ ربیع الاول ۱۴۲۶ھ﴾

توسل: ۔ حضرت سعدی رحمۃ اللہ علیہ بارگاہِ خداوندی میں دعا اور طلب حاجت میں محبوبانِ خدا کا وسیلہ اختیار کرنے کے بھی قائل اور عامل تھے چنانچہ آپ بارگاہِ خداوندی میں یوں عرض کرتے ہیں۔

خدایا بحق بنی فاطمہ　　　　که بر قول ایمان کنی خاتمه

اے خدا سیّدہ فاطمہ کی اولاد کے صدقے　　　　ایمان کے کلمہ پر میرا خاتمہ فرمانا

اگر دعوتم رد کنی ور قبول　　　　من و دست و دامان آل رسول

اگر میری دعا تو رد کر دے یا قبول فرمائے　　　　میں، میرا ہاتھ اور آل رسول کا دامن (الگ الگ نہیں ہو سکتے)

مزار پر چراغاں: ۔ آپ لکھتے ہیں۔　　　　گرت در بیاباں نباشد چہے ☆ چراغ بنہ در زیارت گہے　　　　﴿بوستان﴾

ترجمہ: اگر تجھ سے جنگل میں کنواں کھودا نہ جا سکے تو کسی زیارت گاہ پہ کوئی چراغ ہی رکھ دے۔

آپ کا روحانی تصرّف: ۔ شیخ سعدی کی روحانی پرواز و مقام کا اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ بروایتے شاہ ولی اللہ محدث دہلوی ☆ حضرت والد ماجد عبدالرحیم محدث دہلوی علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ ایک دفعہ درس سے واپسی پر میرا ایک لمبے کوچے سے گزر ہوا اس وقت میں خوب ذوق میں سعدی علیہ الرحمہ کے یہ اشعار گنگنا رہا تھا۔

جز یادِ دوست ہر چہ کنی عمر ضائع است　　　　جز سرِ عشق ہر کہ بخوانی بطالت است

سعدی بشو لوح دل از نقش غیر حق　　　　علمے کہ راہِ حق ننماید جہالت است

☆ اتفاق کی بات ہے کہ (خط کشیدہ) چوتھا مصرعہ میرے ذہن سے اتر گیا یاد نہ رہا اچانک ایک فقیر منش پیر نمودار ہوا اور اس نے مجھے لقمہ دیا کہ چوتھا مصرعہ یہ ہے۔　(علمے کہ راہ حق ننماید جہالت است)

☆ میں نے کہا جزاک اللہ خیر الجزاء آپ نے مجھے پریشانی سے نجات دلائی پھر میں نے انکی خدمت میں پان پیش کیا مسکراتے ہوئے فرمایا کیا یہ بھولا ہوا مصرعہ یاد دلانے کی مزدوری ہے میں نے عرض کیا نہیں یہ تو بطورِ ہدیہ و شکریہ پیش کر رہا ہوں فرمایا میں پان استعمال نہیں کرتا یہ کہہ کر انہوں نے لمبا قدم اٹھایا اور کوچہ کے آخر میں رکھا میں نے جان لیا کہ یہ کسی اہل اللہ کی روح مبارک انسانی شکل میں جلوہ گر ہے میں نے آواز دی کہ اپنے نام سے تو اطلاع دیتے جایئے تا کہ فاتحہ پڑھ لیا کروں فرمایا یہی فقیر سعدیؔ ہے۔

﴿انفاس العارفین فارسی ص ۴۴، اردو ۱۱۱﴾　　﴿مسلک شیخ سعدیؔ﴾

آغاز: ۱۴ محرم الحرام ۱۴۲۶ھ
۲۵ فروری ۲۰۰۵ء بروز جمعۃ المبارک
بعد نمازِ فجر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

مناجات بدرگاہِ مجیب الدعوات

مناجات	بدرگاہِ	مجیبُ	الدعوات
دعا	بارگاہ میں	قبول فرمانیوالے (کی)	دعاؤں (کو)

دعاؤں کے قبول فرمانے والے کی بارگاہ میں دعا

کریما بہ بخشائے برحالِ ما | کہ ہستم اسیرِ کمند ہوا

کریم	ا	بہ بخشائے	بر	حالِ ما	کہ	ہستم	اسیر	کمند	ہوا
بخشش فرمانے والے	اے	مہربانی فرما تو بخشش	پر	حال ہمارے	کہ	ہوں میں	قیدی	پھندے (کا)	خواہش (کے)

اے بخشش فرمانیوالے تو ہمارے حال پر بخشش فرما کیونکہ میں خواہشِ نفس کے پھندے کا قیدی ہوں

ندارم غیر از تو فریاد رس | توئی عاصیاں را خطا بخش و بس

ندارم	غیر	از	تو	فریادرس	توئی	عاصیاں	را	خطا	بخش	و	بس
نہیں رکھتے ہم	سوا	سے	تیرے	دہائی پر پہنچنے والا	تو ہی	گنہگاروں	کی	غلطی	بخشنے والا	اور	کافی

ہم تیرے سوا کوئی فریاد کو پہنچنے والا نہیں رکھتے تو ہی گنہگاروں کی غلطی بخشنے والا ہے اور کافی

نگہدار ما را ز راہ خطا | خطا درگذار و صوابم نما

نگہدار	ما	را	ز	راہ	خطا	خطا	درگذار	و	صواب	م	نما
تو محفوظ رکھ	ہم	کو	سے	راستہ	غلطی (کے)	غلطی	معاف فرما	اور	درست (راہ)	مجھے	دکھا

توہم کو غلطی کے راستہ سے محفوظ رکھ غلطی معاف فرما اور مجھے درست راہ دکھا

مناجات: کان میں بات کرنا، سرگوشی کرنا۔ مجازاً بمعنی دُعا۔

کریما: میں الف ندائیہ ہے بمعنی اے

بہ بخشائے: صیغہ واحد حاضر فعل امر بخشیدن مصدر۔ ی: محض وزن شعر کیلئے

ندارم: صیغہ جمع متکلم فعل نفی مضارع معروف داشتن مصدر

فریادرس: مرکب فاعلی ہے یعنی اسم کو امر سے مرکب کیا گیا ہے۔

فائدہ: اللہ تعالےٰ ذاتی طور پر فریادرس ہے۔ اور اس کے پیارے بندے اسکی عطا سے اور یہ بات قرآن وحدیث سے ثابت ہے۔

خطابخش: اسم فاعل سماعی، یہ اسم کسی قاعدہ کے تحت نہیں بنتا بلکہ اہل زبان سے جیسے سنا گیا ویسا ہی استعمال کیا گیا ہو۔

نگہدار: نگاہ دار کا مخفف ہے۔ فائدہ: درست راہ سے مراد صراطِ مستقیم ہے۔ اور یہ اہل سنت وجماعت کی راہ ہے۔

فائدہ: حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمۃ نے دعائے بخشش ورحم میں ما ضمیر جمع متکلم لاکر سب کو شامل فرمایا ہے۔ مگر نفسانی خواہش کی قید میں ہونے کا صرف اپنا ذکر فرمایا ہے۔ حسنِ ظن کی بنا پر دوسروں کو اس میں داخل نہیں فرمایا۔

در ثنائے پیغمبر صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّم

در	ثنائے	پیغمبر	صَلَّی	اللّٰہُ	عَلَیْ	ہِ	وَ	سَلَّم
میں	تعریف	پیغمبر	رحمت ہو	اللہ (کی)	پر	آپ	اور	سلامتی

پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف میں

زباں تابود در دہاں جائے گیر ثنائے محمّد بود دلپذیر

زباں	تا	بود	در	دہاں	جائے	گیر	ثنائے	محمد صلی اللہ علیہ وسلم	بود	دلپذیر
زبان	جب تک	ہو	میں	منہ	جگہ	پکڑنے والی	تعریف	نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم	ہوگی	دل کو پسند

زبان جب تک ہو منہ میں قائم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف دل کو پسند رہے

حبیبِ خُدا اشرفِ انبیاء کہ عرشِ مجیدش بود مُتّکا

حبیبِ	خدا	اشرفِ	انبیاء		کہ	عرشِ	مجید	ش	بود	مُتکا
پیارے	خدا (کے)	زیادہ بزرگ	نبیوں (میں)		کہ	عرش	بزرگ	(ان کیلئے)	ہوا	ٹیک لگانے کی جگہ

خدا کے محبوب نبیوں میں زیادہ بزرگ کہ بزرگ عرش ان کے لیے ہوا ٹیک لگانے کی جگہ

سوارِ جہانگیر یکراں براق کہ بگذشت از قصرِ نیلی رواق

سوارِ	جہانگیر	یکراں	براق		کہ	بگذشت	از	قصرِ	نیلی	رواق
سوار	جہاں کو پکڑنے والے	تیز عمدہ	براق		کہ	گذر گئے	سے	محل	نیلی	چھت (والے)

تیز رفتار براق کے جہاں کو فتح فرمانیوالے سوار کہ گذر گئے نیلی چھت والے محل سے

ثناء : بمعنی تعریف و نعت ۔ نعت لکھنا نعت کہنا ۔ خواہ نظم کی شکل میں ہو خواہ نثر میں، وہ محبوب عمل ہے جس پر کئی عشاقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم بارگاہِ رسالت مآب علیہ الصلوٰۃ والسلام سے دعا و انعام سے نوازے گئے۔

خدا : بمعنی مالک

انبیاء : جمع نبی ۔ لفظ نبی کا معنی غیب کی خبر دینے والا

ف : رجب المرجب کی ستائیسویں رات حضور صلی اللہ علیہ وسلم معراج کے لیے تشریف لے گئے اور لامکاں پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالےٰ کا دیدار کیا اور ہمکلام ہوئے ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو بار اپنے رب کو دیکھا، ایک بار سر کی آنکھ سے اور ایک دفعہ دل کی آنکھ سے ۔

خطاب بہ نفس

خطاب	بہ	نفس
گفتگو	ساتھ	جان

اپنی جان سے گفتگو

چہل سال عمرِ عزیزت گذشت — مزاج تو از حال طفلی نگشت

چہل	سال	عمرِ	عزیزات	گذشت	مزاج	تو	از	حال	طفلی	نگشت
چالیس	برس	عمر	پیاری	تیری (کے)	گذر گئے	طبیعت عادت	تیری	سے	حالت	بچپن (کی)	نہ بدلی نہ پھری

تیری پیاری عمر کے چالیس برس گذر گئے تیری طبیعت بچپن کی حالت سے نہ بدلی

ہمہ با ہوا و ہوس ساختی — دمے با مصالح نپرداختی

ہمہ	با	ہوا	و	ہوس	ساختی	دمے	با	مصالح	نہ	پرداختی
تمام (عمر)	ساتھ	نفسانی خواہش	اور	آرزو (کے)	موافقت کی تو نے	ایک گھڑی	ساتھ	نیکیوں (کے)	نہ	مشغول ہوا تو

تمام عمر نفسانی خواہش اور آرزو کے ساتھ موافقت کی تو نے ایک گھڑی بھی نیکیوں کے ساتھ تو مشغول نہ ہوا

مکن تکیہ بر عمرِ ناپائیدار — مباش ایمن از بازیٔ روزگار

مکن	تکیہ	بر	عمر	نا	پائیدار	مباش	ایمن	از	بازیٔ	روزگار
نہ کر	بھروسہ	پر	عمر	نہ	ہمیشہ رہنے والی	نہ ہو	بے خوف	سے	کھیل گردش	زمانہ (کی)

ہمیشہ نہ رہنے والی عمر پر بھروسہ نہ کر زمانے کی گردش سے بے خوف نہ ہو

گذشت : صیغہ واحد غائب فعل ماضی معروف گذشتن مصدر

نگشت : صیغہ واحد غائب فعل ماضی منفی معروف گشتن مصدر

ساختی : فعل ماضی مطلق معروف۔ صیغہ واحد حاضر ساختن مصدر

پرداختی : فعل ماضی مطلق معروف صیغہ واحد حاضر پرداختن مصدر

مکن : فعل نہی معروف۔ صیغہ واحد حاضر کردن مصدر

مباش : فعل نہی معروف صیغہ واحد حاضر بودن مصدر

ف : چالیس برس عمر پوری ہونے پر انسانی عقل نقطہ کمال تک پہنچ جاتی ہے۔ حضرت سعدی علیہ الرحمۃ بظاہر اپنی ذات کو نشانہ بنا کر لوگوں کو توجہ دلا رہے ہیں کہ اتنی عمر گذرنے کے باوجود بھی تیرے اندر تبدیلی نہیں آئی۔ تجھے دنیوی حرص و لالچ سے منہ پھیر کر آخرت کے سفر کے سامان کی تیاری کرنی چاہیئے۔

در مدحِ کرم

در	مدحِ	کرم
میں	تعریف	بخشش (کی)
بخشش کی تعریف میں		

دلا ہر کہ بنہاد خوانِ کرم — بشد نامدارِ جہانِ کرم

دل ا	ہر کہ	بنہاد	خوانِ	کرم	بشد	نامدار	جہانِ	کرم
دل اے	ہر وہ	رکھا جس نے	دستر خوان	بخشش (کا)	ہوگیا وہ	مشہور	جہاں (میں)	بخشش کے

اے دل جس نے بخشش کا دسترخواں رکھا وہ بخشش کے جہاں میں مشہور ہوگیا

نہاد: فعل ماضی مطلق معروف صیغہ واحد غائب نہادن مصدر

کرم نامدارِ جہانت کند — کرم کامگارِ امانت کند

کرم	نامدارِ	جہانَ	تُ	کند	کرم	کامگارِ	امانَ	ت	کند
بخشش	مشہور	جہاں (میں)	تجھے	کرے گی	بخشش	کامیاب	امن (میں)	تجھے	کرے گی

بخشش جہان میں تجھے مشہور کرے گی بخشش امن میں تجھے کامیاب کرے گی

جہانت اور امانت میں ت ضمیر خطاب ہے اور اسے ضمیر شخصی متصل کہتے ہیں۔

ورائے کرم در جہاں کار نیست — وزیں گرم تر ہیچ بازار نیست

ورائے	کرم	در	جہاں	کار	نیست	و	ز	ایں	گرم	تر	ہیچ	بازار	نیست
سوائے	بخشش (کے)	میں	جہاں	(کوئی) کام	نہیں ہے	اور	سے	اس	گرم	زیادہ	کوئی	بازار	نہیں ہے

بخشش کے سوا جہاں میں کوئی کام نہیں ہے اور اس سے زیادہ گرم کوئی بازار نہیں ہے

زیں: اصل میں ز ایں ہے۔

ف: کرم، یہ لفظ بزرگی۔ ہمت۔ جوانمردی۔ بخشش۔ عنایت اور مہربانی وغیرہ معنوں میں استعمال ہوتا ہے اور اس جگہ اگرچہ ان میں سے ہر ایک کے استعمال کا احتمال ہے مگر بزرگی، بخشش، عنایت اور مہربانی مراد لینا زیادہ موزوں ہے۔ یہ سب چیزیں اللہ تعالےٰ کے پیغمبروں کی عادات مبارکہ میں داخل تھیں ان پر عمل پیرا ہونے سے بندہ خود عنایات الٰہیہ کا مستحق بنتا ہے۔ چنانچہ حدیث پاک میں ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں تم ان پر رحم کرو جو زمین میں ہیں تم پر وہ رحم کرے گا جو آسمان میں ہے۔ (الحدیث) ● اس جگہ رحمت سے مراد عام رحمت ہے یعنی تم اللہ تعالےٰ کی زمینی مخلوق انسانوں اور جانوروں وغیرہ پر رحم کرو تو اللہ تعالےٰ تم پر رحم فرمائے گا اور اس کے فرشتے تمہاری حفاظت فرمائیں گے اور تمہارے لیے دعائے مغفرت کریں گے۔

کرم مایۂ شادمانی بود — کرم حاصلِ زندگانی بود

کرم	مایۂ	شادمانی	بود
بخشش	سرمایہ سامان	خوشی (کا)	ہے

کرم	حاصلِ	زندگانی	بود
بخشش	نتیجہ	زندگی (کا)	ہے

بخشش سامان خوشی کا ہے — بخشش نتیجہ زندگی کا ہے

دلِ عالمے از کرم تازہ دار — جہاں را ز بخشش پُر آوازہ دار

دلِ	عالمے	از	کرم	تازہ	دار
دل	تمام جہاں (کا)	سے	بخشش	خوش	رکھ

جہاں	را	ز	بخشش	پُر	آوازہ	دار
جہاں	کو	سے	بخشش	بھرا	شہرت	رکھ

تمام جہاں کا دل بخشش سے تازہ رکھ — جہاں کو بخشش سے پُر شہرت رکھ

ہمہ وقت شو در کرم مستقیم — کہ ہست آفرینندۂ جان کریم

ہمہ	وقت	شو	در	کرم	مستقیم
تمام	وقت	ہو	میں	بخشش	ثابت قدم

کہ	ہست	آفرینندۂ	جان	کریم
کہ	ہے	پیدا کرنے والا	جان (کا)	بخشش فرمانیوالا

تمام وقت بخشش میں ثابت قدم تو ہو کیونکہ جان کو پیدا فرمانےوالا بخشش فرمانیوالا ہے

شادمانی: اصل لفظ شاد ہے اسمیں مان زائد ہے اور یا مصدریہ ہے۔
شادمند لفظ غلط ہے اس لیے کہ شاد خود بمعنی اسم فاعل شاد شونده کے ہے۔ لفظ مند کے ساتھ بمعنی صاحب کے ہے اور یہ ترکیب صحیح نہیں ہے۔

عالمے: عالم ماسوی اللہ کو کہتے ہیں اس میں یا تنکیر کی تکثیر یعنی کثرت بیان کرنے کے لیے ہے۔

دار: فعل امر معروف صیغہ واحد حاضر۔ داشتن مصدر

شو: فعل امر معروف۔ صیغہ واحد حاضر شدن مصدر

درصفتِ سخاوت

در	صفتِ	سخاوت
میں	تعریف	سخاوت (کی)

سخاوت کی تعریف میں

ف: حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا انسان کا اپنی زندگی کے ایام میں ایک درہم صدقہ کرنا مرنے کے وقت سو درہم صدقہ کرنے سے بہتر ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ سخی اللہ تعالےٰ سے قریب ہے، جنت سے قریب ہے، لوگوں سے قریب ہے اور دوزخ سے دور ہے اور بخیل اللہ سے دور ہے جنت سے دور ہے اور لوگوں سے دور ہے اور جہنم کے قریب ہے اور جاہل سخی خدا کے نزدیک عبادت گذار بخیل سے کہیں بہتر ہے۔

سخاوت کند نیک بخت اختیار					که مرد از سخاوت شود بختیار				
سخاوت	کند	نیک	بخت	اختیار	که	مرد	از	سخاوت	شود	بختیار
سخاوت	کرتا ہے	اچھی	قسمت (والا)	پسند	کہ	آدمی	سے	سخاوت	ہوتا ہے	قسمت والا

سخاوت کرتا ہے اچھی قسمت والا پسند کہ آدمی سخاوت سے قسمت والا ہوتا ہے

به لطف و سخاوت جهانگیر باش						در اقلیم لطف و سخا میر باش					
به	لطف	و	سخاوت	جهانگیر	باش	در	اقلیم	لطف	و سخا	میر	باش
ساتھ	مہربانی	اور سخاوت (کے)	جہاں پکڑنے والا	ہو تو		میں	ولایت	مہربانی	اور سخاوت (کی)	سردار	ہو تو

مہربانی اور سخاوت کے ساتھ تو جہاں کو پکڑنے والا ہو مہربانی اور سخاوت کی ولایت میں سردار ہو تو

سخاوت بود کار صاحبدلاں				سخاوت بود پیشهٔ مقبلاں			
سخاوت	بود	کار	صاحبدلاں	سخاوت	بود	پیشهٔ	مقبلاں
سخاوت	ہوتا ہے	کام	دل والوں (کا)	سخاوت	ہوتا ہے	ہنر	نصیب والوں (کا)

سخاوت ہوتا ہے کام دل والوں کا سخاوت ہوتا ہے ہنر نصیب والوں کا

سخاوت مس عیب را کیمیاست						سخاوت همه دردها را دواست					
سخاوت	مس	عیب	را	کیمیا	ست	سخاوت	همه	دردها	را	دوا	ست
سخاوت	تانبے	عیب (کے)	لئے	کیمیا	ہے	سخاوت	تمام	دردوں	کے لئے	دوا	ہے

سخاوت عیب کے تانبے کیلئے کیمیا ہے سخاوت تمام دردوں کی دوا ہے

الصلوٰۃ معراج المؤمنین عربی کے دوسرے ایڈیشن کی اشاعت کا انتظار کیجئے

کند: فعل مضارع معروف صیغہ واحد غائب کردن مصدر

شود: فعل مضارع معروف صیغہ واحد غائب شدن مصدر

باش: فعل امر معروف صیغہ واحد حاضر بودن مصدر

اِقلیم: ہمزہ کے نیچے زیر، اس سے مراد زمین کے چوتھائی کا ساتواں حصّہ ہے۔

مُقبِلاں: میم پر پیش اور با کے نیچے زیر

کیمیا: ایک علم ہے جس کا ماہر چند دواؤں کو ملا کر ان سے تانبے کو سونا بنا دیتا ہے۔

دردہا: جمع درد، بے جان واحد اسم کے آخر میں ہا بڑھا کر ایسی جمع بنائی جاتی ہے۔

ف: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ مکار اور بخیل جنت میں داخل نہ ہوں گے اور نہ وہ شخص جو خیرات دے کر احسان جتائے۔

مشو تا تواں از سخاوت بری						کہ گوئے بہی از سخاوت بری					
مشو	تا	تواں	از	سخاوت	بری	کہ	گوئے	بہی	از	سخاوت	بری
نہ ہو تو	جب تک	ہو سکے	سے	سخاوت	بیزار	کہ	گیند	بہتری (کی)	سے	سخاوت	لے جائیگا تو
جب تک ہو سکے سخاوت سے بیزار نہ ہو تو کہ گیند بہتری کی سخاوت سے لے جائیگا تو											

مشو: فعل نہی معروف صیغہ واحد حاضر شدن مصدر

تُواں: ت پر پیش زبر پڑھنا غلط ہے۔

در مذمّتِ بخیل

در	مذمتِ	بخیل
میں	برائی	کنجوس (کی)
کنجوس کی برائی کے بیان میں		

اگر چرخ گردد بکامِ بخیل						وَرُ اقبال باشد غلامِ بخیل					
اگر	چرخ	گردد	ب	کام	بخیل	وَ	رُ	اقبال	باشد	غلامِ	بخیل
اگر	آسمان	پھرے	ساتھ	مقصد	بخیل (کے)	اور	اگر	نصیب	ہو	غلام	کنجوس (کا)
اگر آسمان پھرے کنجوس کے مقصد کے موافق اور اگر نصیب ہو غلام بخیل کا											

ور: اصل میں و اگر ہے۔

وگر در کفش گنجِ قاروں بود								وگر تابعش رُبعِ مسکون بود						
و	گر	در	کف	ش	گنج	قارون	بود	و	گر	تابع	ش	ربع	مسکون	بود
اور	اگر	میں	ہتھیلی	اس (کی)	خزانہ	قارون (کا)	ہو	اور	اگر	تابع	اس (کے)	چوتھا حصہ	آباد زمین (کا)	ہو
اور اگر اس کی ہتھیلی میں قارون کا خزانہ ہو اور اگر اس کے تابع آباد زمین کا چوتھا حصہ ہو														

ف: بخیل کے معنیٰ ہیں کنجوس اور تنگدل، کنجوس صرف یہ ہی نہیں کہ راہِ خدا میں مال نہ دے بلکہ اس سے مراد ہر وہ خداداد نعمت ہے جس کی عطا پر قدرت کے باوجود وہ نہ دے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ مومن میں دو باتیں یعنی بخل اور بدخلقی جمع نہیں ہوتیں۔ اور فرمایا جنت میں مکار، بخیل اور احسان جتلانے والا داخل نہ ہوگا۔

نیرزد بخیل آنکہ نامش بری ——— وگر روزگارش کند چاکری

نیرزد	بخیل	آنکہ	نام	ش	بری	و	اگر	روزگار	ش	کند	چاکری
نہیں لائق	کنجوس	کہ اسکے	نام	اس (کا)	لے تو	اور	اگرچہ	زمانہ	اس (کی)	کرے	نوکری

نہیں لائق بخیل اس کے کہ اُسکا نام لے تو اور اگرچہ زمانہ اُس کی نوکری کرے

مکن اِلتفاتے بہ مالِ بخیل ——— مُبر نام مال ومنالِ بخیل

مکن	اِلتفاتے	بہ	مالِ	بخیل	مُبر	نام	مال	و	منال	بخیل
نہ کر تو	توجہ	ساتھ	مال	کنجوس (کے)	نہ لے تو	نام	مال	اور	کسی چیز کے پانے کی جگہ (کا)	بخیل (کے)

نہ کر تو توجہ بخیل کے مال کی طرف نہ لے تو نام بخیل کے مال اور اسباب کا

بخیل اَر بود زاہدِ بحر و بَر ——— بہشتی نباشد بہ حکم خبر

بخیل	اَر	بود	زاہد	بحر	او	بر	بہشتی	نہ	باشد	بہ	حکم	خبر
بخیل	اگرچہ	ہو	عبادت کرنیوالا	دریا	اور	جنگل (کا)	جنتی	نہ	ہوگا وہ	ساتھ	حکم	حدیث (کے)

بخیل اگرچہ عبادت کرنے والا ہو دریا اور جنگل کا وہ جنتی نہیں ہوگا حدیث کے حکم سے

بخیل ارچہ باشد توانگر بہ مال ——— بہ خواری چو مفلس خورد گوشمال

بخیل	ارچہ	باشد	توانگر	بہ	مال	بہ	خواری	چو	مفلس	خورد	گوشمال
بخیل	اگرچہ	ہو	مالدار	ساتھ	مال (کے)	ساتھ	ذلت (کے)	طرح	غریب (کی)	کھاتا ہے	سزا

بخیل اگرچہ مالدار ہو مال کے ساتھ غریب کی طرح ذلت کے ساتھ سزا کھاتا ہے

اعتکاف کے مسائل پر مشتمل کتاب شمع اعتکاف کا مطالعہ فرمائیں

مبر: فعل نہی معروف. صیغہ واحد حاضر بردن مصدر

منال: میم پر زبر، اسم ظرف

زاہد: جو شخص دنیا کی رغبت نہ رکھے اور اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے تعلق نہ رکھنے والا مراد عبادت کرنے والا

ف: بخیل بظاہر کتنی ہی دنیوی شان وشوکت اور مال واسباب کا مالک ہو حتیٰ کہ بہت بڑا عبادت گذار بھی ہو وہ اس لائق ہی نہیں کہ اس کا ذکر کیا جائے۔ اور نہ ہی وہ جنت میں جانے کے قابل ہے۔

سخیاں زِ اموال بر مے خورند					بخیلاں غمِ سیم و زر مے خورند				
سخیاں	ز	اموال	بر	می خورند	بخیلاں	غم	سیم	و زر	می خورند
سخی	سے	مالوں	پھل	کھاتے ہیں	بخیل	غم	چاندی	اور سونے کا	کھاتے ہیں
سخی مالوں سے پھل کھاتے ہیں بخیل چاندی اور سونے کا غم کھاتے ہیں									

دَر صفتِ تواضع

در	صفتِ	تواضع
میں	تعریف	عاجزی (کی)
عاجزی کی تعریف میں		

دلا اگر تواضع کنی اختیار					شود خلق دنیا ترا دوستدار				
دل ا	اگر	تواضع	کنی	اختیار	شود	خلق	دُنیا	ترا	دوست دار
دل اے	اگر	عاجزی	کرے تو	پسند	ہو جائیگی	مخلوق	دُنیا کی	تجھے	دوست رکھنے والی
اے دل اگر تو عاجزی کرے پسند ہو جائے گی دنیا کی مخلوق تجھے دوست رکھنے والی									

تواضع زیادت کند جاہ را					که از مہر پرتو بود ماہ را					
تواضع	زیادت	کند	جاہ	را	که	از	مہر	پرتو	بود	ماہ را
عاجزی	زیادہ	کرتی ہے	مرتبے	کو	که	سے	سورج	عکس	ہوتا ہے	چاند کو
عاجزی مرتبے کو زیادہ کرتی ہے جس طرح سورج سے عکس ملتا ہے چاند کو										

می خورند : فعل حال معروف صیغہ جمع غائب خوردن مصدر

کنی : فعل مضارع معروف صیغہ واحد حاضر کردن مصدر

زیادت : مصدر لازم و متعدی دونوں طرح مستعمل ہے۔

عکس : پرتو۔ سایہ

ف : تواضع کے معنی عاجزی کرنا، فروتنی کرنا، انکساری اور صفاتِ کمال میں اپنے آپ کو سب سے کم سمجھنا کے ہیں۔ عقیدہ صحیحہ کے ساتھ عاجزی اختیار کرنا اور کچھ ہونے کے باوجود اپنے آپ کو کچھ نہ سمجھنا بڑا عمدہ عمل ہے اور بلندئ درجات کا باعث۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جو شخص اللہ کے لیے عاجزی کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے بلند فرما دیتا ہے۔

تواضع بود مایۂ دوستی				که عالی بود پایۂ دوستی			
تواضع	بود	مایۂ	دوستی	که	عالی	بود	پایۂ	دوستی
عاجزی	ہوتا ہے	سرمایہ	دوستی (کا)	کہ	بلند	ہوتا ہے	مرتبہ	دوستی (کا)

عاجزی دوستی کا سرمایہ ہوتا ہے اس لیے دوستی کا مرتبہ بلند ہوتا ہے

تواضع کند مرد را سرفراز				تواضع بود سروراں را طراز			
تواضع	کند	مرد	را	سرفراز	تواضع	بود	سروراں	را	طراز
عاجزی	کرتی ہے	آدمی	کو	سربلند	عاجزی	ہوتی ہے	سرداروں	کیلئے	زیب و زینت

عاجزی آدمی کو سربلند کرتی ہے عاجزی سرداروں کیلئے زیب و زینت ہوتی ہے

تواضع کند ہر کہ ہست آدمی				نہ زیبد ز مردم بجز مردمی				
تواضع	کند	ہر کہ	ہست	آدمی	نہ	زیبد	ز	مردم	بجز	مردمی
عاجزی	کرتا ہے	جو کہ	ہے	آدمی	نہیں	زیب دیتی (مستحب ہے)	سے	لوگوں	سوا	جوانمردی (کے)

عاجزی کرتا ہے جو کہ ہے آدمی زیب نہیں دیتی انسانوں سے سوائے جوانمردی کے

تواضع کند ہوشمندِ گزیں				نہد شاخ پُر میوہ سر بر زمیں				
تواضع	کند	ہوشمندِ	گزیں	نہد	شاخ	پُر	میوہ	سر	بر زمیں
عاجزی	کرتا ہے	صاحب ہوش عقلمند	پسندیدہ	رکھتی ہے	ٹہنی	بھری ہوئی	میوے سے	سر	پر زمین

عاجزی کرتا ہے عقلمند پسندیدہ شخص رکھتی ہے میوے سے بھری ہوئی شاخ سر زمین پر

سورۂ یٰسین ترجمہ از مترجم کتاب ھذا دستیاب ہے

مردمی : بمعنی مردانگی، مروّت، حلم، بردباری، انسانیت، رعایت، جوانمردی

گزیں : بمعنی صاحبِ ہوش، پسندیدہ، عمدہ یہ ہوشمند کی صفت ہے۔ گزیں اگرچہ گزیدن مصدر سے صیغہ امر بھی ہے۔ مگر اس جگہ صفت کے معنی میں ہے۔

نہد : فعل مضارع معروف صیغہ واحد غائب نہادن مصدر

ف : حضور صلی اللہ علیہ وسلم باوجود سب سے زیادہ بلند رتبہ اور بے مثل و بے مثال ہونے کے سب سے بڑھ کر عاجزی فرمانے والے تھے۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اختیار دیا گیا۔ کہ کیا آپ نبی بادشاہ ہونا پسند کرتے ہیں یا نبی بندہ؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نبی بندہ ہونا پسند فرمایا۔ اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت اسرافیل علیہ السلام نے عرض کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اسی تواضع کی بنا پر اللہ قیامت کے دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام اولادِ آدم علیہ السلام کی سرداری مرحمت فرمائے گا اور آپ ہی وہ پہلے شخص ہوں گے جو شفاعت کریں گے۔

حرمت افزا: اسم فاعل ترکیبی

برین: با پر زبر

تواضع بود حُرمت افزائے تو — کند در بہشتِ برین جائے تو

تواضع	بود	حرمت	افزائے	تو	کند	در	بہشت	برین	جائے	تو
عاجزی	ہوگی	عزت	بڑھانے والی	تیری	کرے گی	میں	جنت	بلند	جگہ	تیری

عاجزی تیری عزت بڑھانے والی ہوگی کرے گی بلند جنت میں جگہ تیری

بکلید: کاف اور لام کے نیچے زیر

سرفرازی: کے آخر میں یائے مصدری ہے۔

تواضع کلید درِ جنّت ست — سرفرازی و جاه را زینت ست

تواضع	کلید	درِ	جنّت	ست	سرفرازی	و	جاه	را	زینت	ست
عاجزی	چابی	دروازے (کی)	جنت (کے)	ہے	سربلندی	اور	مرتبے	کیلئے	سنگار	ہے

عاجزی جنت کے دروازے کی چابی ہے سربلندی اور مرتبے کے لیے سنگار ہے

یافتن: پانا۔ مصدر

کسے را کہ گردن کشی در سرست — تواضع ازو یافتن خوشترست

کسے	را کہ	گردن کشی	در سرست	تواضع	از او	یافتن	خوش ترست
جس کسی	کے کہ	تکبّر	میں سر ہے	عاجزی	سے اس	پانا	اچھا بہت ہے

جس کسی کے سر میں تکبّر ہے اس سے عاجزی پانا بہت اچھا ہے

کسے را کہ عادت تواضع بود — زِ جاه و جلالش تمتّع بود

کسے	را کہ	عادت	تواضع	بود	ز	جاه	و	جلال	ش	تمتّع	بود
جس کسی	کی کہ	عادت	عاجزی	ہوتی ہے	سے	مرتبے	اور	بزرگی	اس کو	نفع	ہوتا ہے

جس شخص کی عادت عاجزی ہوتی ہے اس کو مرتبہ اور بزرگی سے نفع ہوتا ہے

تواضع عزیزت کند در جہاں | گرامی شوی پیش دلہا چو جان

تواضع	عزیز	ت	کند	در	جہاں	گرامی	شوی	پیش	دلہا	چوں	جان
عاجزی	عزت والا	تجھے	کریگی	میں	جہاں	عزت والا	ہوگا تو	سامنے	دلوں (کے)	طرح	جان (کی)

عاجزی تجھے جہاں میں عزت والا کرے گی تو دلوں کے سامنے جان کی طرح عزت والا ہوگا

تواضع مدار از خلائق دریغ | کہ گردن ازاں برکشی ہمچو تیغ

تواضع	مدار	از	خلائق	دریغ	کہ	گردن	از	آں	برکشی	ہمچو	تیغ
عاجزی	نہ رکھ	سے	مخلوقات	پوشیدہ دور	کہ	گردن	(سبب) سے	اس (کے)	بلند کرے کھینچے گا تو	مثل	تلوار (کے)

عاجزی نہ رکھ لوگوں سے دور کیونکہ گردن اس کے سبب سے تو بلند کریگا مثل تلوار کے

تواضع ز گردن فرازاں نکوست | گدا اگر تواضع کند خوئے اوست

تواضع	ز	گردن	فرازاں	نکو	ست	گدا	اگر	تواضع	کند	خوئے	او	ست
عاجزی	سے	گردن	بلند کرنیوالوں	اچھی	ہے	بھکاری	اگر	عاجزی	کرے	عادت	اُس (کی)	ہے

عاجزی گردن بلند کرنے والوں سے اچھی ہے بھکاری اگر عاجزی کرے تو یہ اُسکی عادت ہے

خلائق : جمع خلق

دریغ : دال اور را کے نیچے زیر

مدار : فعل نہی صیغہ واحد حاضر داشتن مصدر

در مذمّت تکبّر

در	مذمت	تکبّر
میں	برائی	تکبّر (کی)

تکبّر کی برائی میں

ف : تکبر، کبر سے بنا ہے جس کے معنی ہیں بزرگی، بڑائی، عظمت، غرور، گھمنڈ۔ ان میں سے کوئی بھی حقیقتاً بندے کو سزاوار نہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جس شخص کے دل میں رائی برابر تکبر ہوگا وہ جنت میں نہیں جائے گا۔ ایک شخص نے عرض کیا یارسول اللہ آدمی اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اس کا لباس اچھا ہو اور اس کا جوتا اچھا ہو کیا یہ بھی تکبر میں داخل ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خدا تعالیٰ جمیل ہے اور وہ جمال و آرائش کو پسند فرماتا ہے۔ اس لیے آرائش و جمال کی خواہش تکبر نہیں ہے اور البتہ تکبر حق کو قبول نہ کرنا اور لوگوں کو حقیر و ذلیل سمجھنا ہے۔

تکبر مکن زینہار اے پسر | کہ روزے ز دستش درآئی بسر

تکبر	مکن	زینہار	اے	پسر	کہ	روزے	ز	دست	ش	درآئی	بسر
تکبر	نہ کرتو	ہرگز	اے	بیٹے	کہ	ایک دن	سے	ہاتھ	اس کے	گرے گا تو	سر کے بل

تکبر نہ کر تو ہرگز اے بیٹے کہ ایک دن اُسکے ہاتھ سے گرے گا تو سر کے بل

تکبر ز دانا بود ناپسند ! | غریب آید ایں معنیٰ از ہوشمند

تکبر	ز	دانا	بود	ناپسند	غریب	آید	ایں	معنیٰ	از	ہوشمند
تکبر	سے (کو)	عقلمند	ہوتا ہے	ناپسند	عجیب	آتی ہے	یہ	بات	سے	صاحبِ ہوش

تکبر عقلمند کو ہوتا ہے ناپسند عجیب آتی ہے یہ بات عقلمند سے

تکبر بود عادتِ جاہلاں | تکبر نیاید ز صاحبدلاں

تکبر	بود	عادتِ	جاہلاں	تکبر	نیاید	ز	صاحب	دلاں
تکبر	ہوتی ہے	عادت	بے علموں (کی)	تکبر	نہیں آتا	سے	والوں	دل

تکبر بے علموں کی عادت ہوتی ہے تکبر نہیں آتا اللہ والوں سے

تکبر عزازیل را خوار کرد | بزندانِ لعنت گرفتار کرد

تکبر	عزازیل	را	خوار	کرد	ب	زندانِ	لعنت	گرفتار	کرد
تکبر (نے)	شیطان	کو	ذلیل	کیا	میں	قید خانہ	لعنت (کے)	گرفتار	کیا

تکبر نے شیطان کو ذلیل کیا لعنت کے قید خانہ میں گرفتار کیا

ترجمہ وشرح مسلم الثبوت زیرِ طبع ہے

زینہار : زا کے نیچے زیر
مکن : فعل نہی معروف صیغہ واحد حاضر کردن مصدر

خوار : خا پر پیش
کرد : ماضی مطلق معروف صیغہ واحد غائب کردن مصدر ۔

عزازیل : یہ شیطان کا مردود ہونے سے پہلے نام تھا۔ شیطان کا معنی ہے رحمتِ خداوندی سے دُور اور یہ نام اس کا اللہ تعالےٰ کی نافرمانی کی وجہ سے پڑا۔

کسے را کہ خصلت تکبر بود		سرش پُر غرور از تصوّر بود										
کسے	را کہ	خصلت	تکبر	بود		سر	ش	پُر	غرور	از	تصوّر	بود
جس کسی	کی	عادت	تکبر	ہوتی ہے		سر	اُس (کا)	بھرا (ہوا)	غرور (کا)	سے	(فاسد) خیال	ہوتا ہے
جس کسی کی عادت تکبر ہوتی ہے اُس کا سر غرور کا بھرا فاسد خیال سے ہوتا ہے												

تکبّر بود مایۂ مُدبری		تکبر بود اصلِ بد گوہری					
تکبّر	بود	مایۂ	مُدبری		تکبر	بود	اصل	بد	گوہری
تکبر	ہوتا ہے	سرمایہ	بدبختی (کا)		تکبر	ہوتی ہے	جڑ	بد	ذاتی (کی)
تکبر بدبختی کا سرمایہ ہوتا ہے تکبر بد ذاتی کی جڑ ہوتی ہے									

مدبری : مدبر اسمِ فاعل اور یا مصدریہ ہے

چو دانی، تکبر چرا میکنی		خطا مے کنی و خطا مے کنی							
چو	دانی	تکبر	چرا	می کنی		خطا	می کنی	و خطا	می کنی
جب تو	جانتا ہے	تکبر	کیوں	کرتا ہے تو		غلطی	کرتا ہے تو	اور غلطی	کرتا ہے تو
جب تو جانتا ہے تکبر کیوں کرتا ہے غلطی کرتا ہے تو اور غلطی کرتا ہے تو									

می کنی : فعل حال معروف صیغہ واحد حاضر کردن مصدر

دانی : فعل مضارع معروف صیغہ واحد حاضر دانستن مصدر

درِ فضیلتِ عِلم

درِ	فضیلتِ	عِلم
میں	فضیلت	علم (کی)
علم کی فضیلت میں		

ف : علم عین کے نیچے زیر بمعنی دانش، دانائی، واقفیت، آگاہی، ہنر، فن اور جوہر کے ہیں۔ اور یہ وہ نعمت خداوندی ہے جس کی بدولت اللہ تعالےٰ نے حضرتِ انسان کو اشرف المخلوقات ہونے کا شرف بخشا۔ اتنا شریعت پاک کا علم حاصل کرنا جس سے حلال وحرام جائز اور ناجائز کا پتہ چل سکے ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے۔

بنی آدم از علم یابد کمال						نہ از حشمت و جاہ و مال و منال						
بنی	آدم	از	علم	یابد	کمال	نہ	از	حشمت	و	جاہ	و مال	و منال
اولادِ	آدم	سے	علم	باقی ہے	کمال	نہ	سے	دبدبہ	اور	مرتبہ	اور مال	اور اسباب
اولادِ آدم علم سے کمال پاتی ہے نہ دبدبہ اور مرتبہ اور مال و اسباب سے												

چو شمع از پئے علم باید گداخت						که بے علم نتواں خدا را شناخت					
چو	شمع	از پئے	علم	باید	گداخت	کہ	بے	علم	نتواں	خدا	را شناخت
طرح	موم بتی (کی)	پیچھے	(کے) علم	چاہیئے	پگھلنا	کہ	بغیر	علم	نہیں ہو سکتا	خدا	کو پہچاننا
موم بتی کی طرح علم کے پیچھے پگھلنا چاہیئے کیونکہ علم کے بغیر خدا کو نہیں پہچانا جا سکتا											

خردمند باشد طلبگارِ علم				که گرم ست پیوستہ بازارِ علم					
خردمند	باشد	طلبگار	علم	کہ	گرم	ست	پیوستہ	بازارِ	علم
عقلمند	ہوتا ہے	طلب کرنے والا	علم	کہ	گرم	ہے	ہمیشہ	بازار	علم کا،
عقلمند علم کا طلب کرنے والا ہوتا ہے کیونکہ علم کا بازار ہمیشہ بارونق ہے									

کسے را کہ شد در ازل بخت یار							طلب کردنِ علم کرد اختیار				
کسے	را	کہ	شد	در	ازل	بخت یار	طلب	کردنِ	علم	کرد	اختیار
جس شخص	کا	کہ	ہو گیا	میں	ازل	نصیب مددگار	طلب	کرنا	علم	کیا اُس نے	اختیار
جس شخص کا کہ ہو گیا ازل میں نصیب مددگار اُس نے علم کا طلب کرنا اختیار کیا											

امام احمد رضا خاں کی حیات مبارکہ کے مطالعہ کیلئے "حیات اعلیٰ حضرت" حاصل کیجیے

یابد : فعل مضارع معروف صیغہ واحد غائب یافتن مصدر

حِشمت : حا کے نیچے زیر حا پر زبر درست نہیں

مَنال : میم پر زبر کسی چیز کے حاصل ہونے کا محل یا کسی چیز کے پانے کی جگہ

باید : فعل مضارع معروف صیغہ واحد غائب بایستن مصدر

گداخت : فعل ماضی مطلق معروف صیغہ واحد غائب

فائدہ :- شناخت ماضی مطلق معروف ہے باید کے بعد آنے کی وجہ سے مصدری معنی میں ہے۔

ازل : وہ زمانہ جس کی ابتدا نہ ہو اس جگہ ابتداً مراد ہے۔

فائدہ :- ہر مرد و عورت پر اتنا علم حاصل کرنا فرض ہے جس سے اُسے عقائد و اعمال کے مسائل حلال و حرام اور پاکی و پلیدی کا پتہ چل سکے۔

ف : حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ جس شخص کے ساتھ بھلائی چاہتا ہے تو اُسے سمجھ عطا فرماتا ہے اور خدا دیتا ہے اور میں تقسیم کرتا ہوں۔

● حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ رات میں ایک گھڑی علم دین کا پڑھنا پڑھانا رات بھر کی عبادت سے بہتر ہے۔

طلب کردنِ علم شُد بر تو فرض | وگر واجب ست از پئے اش قطع ارض

طلب	کردنِ	علم	شُد	بر	تو	فرض		دیگر	واجب	ست	از پئے	اش	قطع	ارض
طلب	کرنا	علم	ہو گیا	پر	تجھ	لازم		دوسرا	واجب	ہے	واسطے	اس کے	طے کرنا	زمین

علم کا طلب کرنا تجھ پر فرض ہو گیا ہے دوسرا واجب ہے اُسکے واسطے زمین طے کرنا

برو دامنِ علم گیر استوار | کہ علمت رساند بدار القرار

برو	دامن	علم	گیر	استوار		کہ	علم	ت	رساند	ب	دار	القرار
جا تو	دامن	علم (کا)	پکڑ	مضبوط		کہ	علم	تجھے	پہنچائے گا	میں	گھر	آرام (کے)

جا علم کا دامن پکڑ تو مضبوط کیونکہ علم تجھے جنّت میں پہنچائے گا

میاموز جز علم گر عاقلی | کہ بے علم بودن بود غافلی

میاموز	جز	علم	گر	عاقلی		کہ	بے	علم	بودن	بود	غافلی
نہ سیکھ	سوا	علم (کے)	اگر	عقلمند ہے تو		کہ	بغیر	علم (کے)	ہونا	ہے	غفلت

اگر تو عقلمند ہے تو علم کے سوا نہ سیکھ کیونکہ بے علم ہونا غفلت ہے

ترا علم در دین و دنیا تمام | کہ کارِ تو از علم گیرد نظام

ترا	علم	در	دین	و	دُنیا	تمام		کہ	کارِ	تو	از	علم	گیرد	نظام
تیرے لیے	علم	میں	دین	اور	دُنیا	کافی ہے		کہ	کام	تیرا	سے	علم	پکڑے گا	انتظام

تیرے لیے علم دین اور دُنیا میں کافی ہے کیونکہ تیرا کام علم کے سبب پکڑے گا انتظام

اوراق مقدسہ کی حفاظت کا شرعی طریقہ جاننے کیلئے کتابچہ "تحفظ اوراق مقدسہ" پڑھیئے

برو : فعل امر معروف صیغہ واحد حاضر
رفتن مصدر

گیر : فعل امر معروف صیغہ واحد حاضر
گرفتن مصدر

میاموز : فعل نہی معروف صیغہ واحد حاضر
آموختن مصدر

بودن : مصدر

گیرد : فعل مضارع معروف صیغہ واحد غائب
گرفتن مصدر

درِ امتناع از صحبتِ جاہلاں

جاہلاں	صحبتِ	از	امتناع	در
جاہلوں (کی)	مجلس	سے	رُکنے	میں

جاہلوں کی مجلس سے رُکنے میں

مکن صحبتِ جاہلاں اختیار | دِلا! گر خردمندی و ہوشیار

اختیار	جاہلاں	صحبتِ	مکن	ہوشیار	و	خردمندی	گر	دِلا
پسند	جاہلوں (کی)	مجلس	نہ کر	ہوشیار	اور	عقلمند ہے تو	اگر	اے دل

اے دل اگر تو عقلمند اور ہوشیار ہے (تو) جاہلوں کی مجلس پسند نہ کر

نیامیختہ چوں شکر شیر باش | زجاہل گریزندہ چوں تیر باش

باش	شیر	شکر	چوں	نیامیختہ	نیا	باش	تیر	چوں	گریزندہ	جاہل	ز
ہو	دودھ (کی)	شکر اور	طرح	ملا ہوا	نہ	ہو	تیر (کی)	طرح	بھاگنے والا	جاہل	سے

جاہل سے تیر کی طرح بھاگنے والا ہو نہ ملا ہوا شکر اور دودھ کی طرح ہو

ازاں بہ کہ جاہل بود غمگسار | ترا اژدھا گر بود یارِ غار

غمگسار	بود	جاہل	کہ	بہ	ازآں	غار	یارِ	بود	گر	اژدھا	ترا
غمخوار	ہو	جاہل	کہ	(ہے) بہتر	اس سے	غار (کا)	دوست	ہو	اگر	بڑا سانپ	تیرا

تیرا سانپ اگر ہو پکا دوست اس سے بہتر ہے کہ جاہل ہو غم خوار

ف: جاہل اگر صحیح العقیدہ بھی ہو تو اسکی مجلس خطرہ سے خالی نہیں بدعقیدہ بھی جاہل ہے اس کی مجلس زہرِ قاتل سے کم نہیں ایمان جانے کا خطرہ ہوتا ہے۔

دِلا۔ اے دل
مکن: فعل نہی معروف صیغہ واحد حاضر کردن مصدر

گریزندہ: اسم فاعل صیغہ واحد۔ گریختن مصدر
نیامیختہ: اسم مفعول منفی صیغہ واحد آمیختن مصدر

ف: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ وہ دل جس میں کچھ علم نہیں ہے ویران گھر کی طرح ہے تو علم سیکھو اور سکھاؤ اور دین کی سمجھ حاصل کرو اور جاہل ہو کر نہ مرو کہ اللہ تعالے جاہل ہونے کا عذر نہیں قبول فرمائے گا۔

اگر خصمِ جانِ تو عاقل بود ۔ بہ از دوستداری کہ جاہل بود

اگر	خصمِ	جانِ	تو	عاقل	بود	بہ	از	دوست	داری	کہ	جاہل	بود
اگر	دشمن	جان	تیری (کا)	عقلمند	ہو	بہتر (ہے)	سے	دوست	رکھنے	کہ	جاہل	ہو

اگر تیری جان کا دشمن عقلمند ہو بہتر ہے اس دوست سے کہ جاہل ہو

چو جاہل کسے در جہاں خوار نیست ۔ کہ ناداں تر از جاہلی کار نیست

چو	جاہل	کسے	در	جہاں	خوار	نیست	کہ	ناداں	تر	از	جاہلی	کار	نیست
طرح	جاہل (کی)	کوئی شخص	میں	جہاں	ذلیل	نہیں ہے	کہ	بے وقوفی (والا)	زیادہ	سے	جہالت	(کوئی) کام	نہیں ہے

جاہل کی طرح کوئی شخص جہاں میں ذلیل نہیں ہے کہ زیادہ بے وقوفی والا جہالت سے کوئی کام نہیں ہے

ز جاہل نیاید جُز افعالِ بد ۔ و زو نشنود کس جز اقوال بد

ز	جاہل	نیاید	جُز	افعال	بد	و از	او	نشنود	کس	جُز	اقوال	بد
سے	جاہل	نہیں آتا	سوائے	کاموں (کے)	بُرے	اور سے	اُس	نہیں سنتا	کوئی شخص	سوائے	باتوں (کے)	بری

جاہل سے نہیں آتا سوائے بُرے کاموں کے اور اس سے نہیں سنتا کوئی سوائے بُری باتوں کے

سرانجام جاہل جہنم بود ۔ کہ جاہل نکو عاقبت کم بود

سرانجام	جاہل	جہنم	بود	کہ	جاہل	نکو	عاقبت	کم	بود
انتہاءِ کار	جاہل (کی)	دوزخ	ہے	کہ	جاہل	اچھے	انجام (والا)	کم	ہوتا ہے

انجام جاہل کا دوزخ ہے کیونکہ جاہل اچھے انجام والا کم ہوتا ہے

داری : فعل مضارع معروف صیغہ واحد حاضر
داشتن مصدر

نیاید : نفی فعل مضارع صیغہ واحد غائب
آمدن مصدر

نشنود : نفی فعل مضارع صیغہ واحد غائب
شنیدن مصدر

عاقبت : آخر ۔ انجام ۔ خاتمہ

سرِ جاہلاں بر سرِ دار بہ	کہ جاہل بہ خواری گرفتار بہ

سرِ	جاہلاں	بر	سرِ دار	بہ	کہ	جاہل	بہ	خواری	گرفتار	بہ
سر	جاہلوں (کا)	پر	سر سُولی (کے)	بہتر (ہے)	کہ	جاہل	میں	ذلت	گرفتار	بہتر ہے

سر جاہلوں کا سولی پر بہتر ہے کیونکہ جاہل ذلت میں گرفتار بہتر ہے

ز جاہل حذر کردن اَولیٰ بود	کز و ننگِ دنیا و عقبیٰ بود

ز	جاہل	حذر	کردن	اَولیٰ	بود	کہ	ز	او	ننگِ	دُنیا	و	عقبیٰ	بود
سے	جاہل	پرہیز	کرنا	بہتر	ہے	کہ	سے	اس	شرمندگی	دنیا	اور	آخرت (کی)	ہے

جاہل سے پرہیز کرنا بہتر ہے کیونکہ اُس سے شرمندگی دُنیا اور آخرت کی ہے

اَولیٰ : الف پر زبر واؤ پر جزم
عُقبیٰ : عین پر پیش با پر کھڑا زبر

در صفتِ عدل

در	صفتِ	عدل
میں	تعریف	انصاف (کی)

انصاف کی تعریف میں

چو ایزد ترا ایں ہمہ کام داد	چرا بر نیاری سرانجام داد

چو	ایزد	ترا	ایں	ہمہ	کام	داد	چرا	بر	نیاری	سرانجام	داد
جب	اللہ تعالیٰ نے	تجھے	یہ	سب	مقصد	دیئے	کیوں	پورا	نہیں لاتا تو	انتہاءِ کار	انصاف (کی)

جب اللہ تعالیٰ نے تجھے یہ سب مقصد دیئے کیوں پورا نہیں لاتا تو انجام انصاف کا

ف : عدل عین پر زبر دال ساکن بمعنی برابری، مساوات، نظیر، مانند، انصاف کے ہے۔ عدل بارگاہِ خداوندی میں وہ مقبول عمل ہے جس پر عمل کے بارے قرآن مجید کا مبارک اعلان ہے۔ "انصاف کرو (کیونکہ) وہ پرہیزگاری کے زیادہ قریب ہے"۔ اور دوسری آیت مبارکہ میں ہے کہ بے شک اللہ تعالیٰ عدل واحسان کا حکم فرماتا ہے۔

چو عدل است پیرایۂ خسروی — چرا عدل را دل نداری قوی

چو	عدل	است	پیرایۂ	خُسروی	چرا	عدل	را	دل	نداری	قوی
جب	انصاف	ہے	زینت	بادشاہی (کی)	کیوں	انصاف	کیلئے	دل	نہیں رکھتا تو	مضبوط

جب انصاف بادشاہی کی زینت ہے کیوں انصاف کیلئے تو دل کو نہیں رکھتا مضبوط

ترا مملکت پائیداری کند — اگر معدلت دستیاری کند

ترا	مملکت	پائیداری	کند	اگر	معدلت	دستیاری	کند
تیری	بادشاہی	ہمیشگی (حاصل)	کرے گی	اگر	انصاف	مدد تیری	کرے

تیری بادشاہی ہمیشگی (حاصل) کرے گی اگر انصاف تیری مدد کرے

چو نوشیرواں عدل کرد اختیار — کنوں نام نیک ست ازو یادگار

چوں	نوشیرواں	عدل	کرد	اختیار	کنوں	نام	نیک	ست	از	او	یادگار
جب	نوشیرواں	انصاف	کیا	اختیار	اب تک	نام	نیک	ہے	سے (کی)	اس	یادگار

جب نوشیرواں نے انصاف اختیار کیا اب تک نیک نام ہے اس کی یادگار

ز تاثیرِ عدل ست آرامِ ملک — کہ از عدل حاصل شود کامِ ملک

ز	تاثیر	عدل	ست	آرامِ	ملک	کہ	از	عدل	حاصل	شود	کامِ	ملک
سے	اثر	انصاف (کے)	ہے	آرام	ملک (کا)	کہ	سے	انصاف	حاصل	ہوتا ہے	مقصد	ملک (کا)

انصاف کے اثر سے ملک کا آرام ہے کیونکہ انصاف سے ملک کا مقصد حاصل ہوتا ہے

نور الایمان کی ہر جلد الگ الگ دستیاب ہے

پیرایۂ : پ کے نیچے زیر اور یائے مجہول

فائدہ :- یا ساکن ہو اور ما قبل اس کے کسرہ ہو اور وہ خوب ظاہر ہو کر نہ پڑھا جائے یائے مجہول کہلاتی ہے۔ البتہ اس جگہ یا کو معروف پڑھنا فصیح لغت ہے۔ یائے معروف کا مطلب یہ ہے کہ یا ساکن ہو اور ما قبل کسرہ ہو اور خوب ظاہر ہو کر پڑھا جائے۔

مُملکت : میم پر زبر دوسری میم ساکن لام پر پیش اور کاف پر زبر

نُوشیرواں : نون پر پیش، ملک فارس کا مشہور بادشاہ۔ ایران کا پرانا نام فارس تھا۔

نوشیرواں کے عدل کا اگرچہ دنیا میں ایک شہرہ ہے مگر ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کا عدل و انصاف بے مثل و بے مثال ہے۔ روایات میں ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ایک بڑے خاندان کی خاتون پر چوری کے الزام میں سزا پر معافی کی سفارش کی گئی تو آپ نے فرمایا اگر یہ کام میری بیٹی فاطمہ کرتی تو میں اس کے بھی ہاتھ کاٹتا۔

جہاں را بہ انصاف آباد دار | دل اہل انصاف را شاد دار

جہاں	را	بہ	انصاف	آباد	دار	دل	اہل	انصاف	را	شاد	دار
جہان	کو	ساتھ	انصاف (کے)	آباد	رکھ	دل	والوں	انصاف	کا	خوش	رکھ

تو جہاں کو انصاف کے ساتھ آباد رکھ انصاف چاہنے والوں کا دل خوش رکھ

دار: فعل امر معروف، صیغہ واحد حاضر داشتن مصدر

جہاں را بہ از عدل معمار نیست | کہ بالاتر از معدلت کار نیست

جہاں	را	بہ	از	عدل	معمار	نیست	کہ	بالا	تر	از	معدلت	کار	نیست
جہاں	کو	بہتر	سے	انصاف	آباد کرنے والا	نہیں ہے	کہ	بلند	زیادہ	سے	انصاف	کام	نہیں ہے

جہاں کو انصاف سے بہتر کوئی آباد کرنے والا نہیں ہے کیونکہ انصاف سے زیادہ بلند کوئی کام نہیں ہے

معدلت: میم پر زبر دال کے نیچے زیر

ترازیں بہ آخر چہ حاصل بود | کہ نامت شہنشاہِ عادل بود

ترا	ز	ایں	بہ	آخر	چہ	حاصل	بود	کہ	نام	ت	شہنشاہِ	عادل	بود
تجھے	سے	اِس	بہتر	آخر	کیا	حاصل	ہو	کہ	نام	تیرا	بادشاہ	انصاف کرنیوالا	ہو

تجھے اس سے بہتر آخر کیا حاصل ہو کہ تیرا نام انصاف کرنے والا بادشاہ ہو

نامت: تا ضمیر شخصی متصل

اگر خواہی از نیک بختی نشاں | درِ ظلم بندی بر اہل جہاں

اگر	خواہی	از	نیک	بختی	نشاں	در	ظلم	بندی	بر	اہل	جہاں
اگر	چاہتا ہے تو	سے	نیک	نصیبے	نشان	دروازہ	ظلم کا	بند کر تو	پر	والوں	جہان

اگر تو نیک بختی سے نشان چاہتا ہے دروازہ ظلم کا تو جہاں والوں پر بند کر

خواہی: فعل مضارع معروف، صیغہ واحد حاضر خواستن مصدر

نور الایمان الگ الگ پارہ دستیاب ہے

ف: حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ "عدل کرنے والے اللہ تعالےٰ کے پاس نور کے منبروں پر ہوں گے۔" اور یہ وہ لوگ ہیں جو اپنی حکومت اہل وعیال اور رعایا کے متعلق عدل سے کام لیتے ہیں۔

رعایت دریغ از رعیت مدار | مرادِ دل داد خواہاں برآر

رعایت	دریغ	از	رعیت	مدار	مرادِ	دل	داد	خواہاں	بر	آر
حفاظت	دور	سے	رعایا	نہ رکھ	مراد	دل	انصاف	چاہنے والوں (کی)	پوری	لا

تو رعایا سے حفاظت دور نہ رکھ انصاف چاہنے والوں کے دل کی مراد پوری کر

مدار: فعل نہی معروف، صیغہ واحد حاضر داشتن مصدر

خواہاں: اسم فاعل سماعی

آر: فعل امر معروف، صیغہ واحد حاضر آوردن مصدر

در مذمّتِ ظلم

در	مذمّت	ظلم	
میں	بُرائی	ظلم (کی)	

ظلم کی بُرائی میں

خرابی زبیداد بیند جہاں | چو بستان خُرّم زباد خزاں

خرابی	ز	بیداد	بیند	جہاں	چو	بستانِ	خرم	ز	باد	خزاں
بربادی	سے	ظلم	دیکھتا ہے	جہاں	جیسے	باغ	تروتازہ	سے	ہوا	خزاں (کی)

خرابی ظلم سے دیکھتا ہے جہاں جیسے تروتازہ باغ خزاں کی ہوا سے

خرابی: خراب مصدر، خا پر زبر اور یا مصدریہ ہے۔

بیند: فعل مضارع معروف، صیغہ واحد غائب دیدن مصدر

بستان: اصل بوستان ۔ خُرّم: خا پر پیش را پر زبر اور شد

مدہ رخصت ظلم در ہیچ حال | کہ خورشید ملکت نیابد زوال

مدہ	رخصت	ظلم	در	ہیچ	حال	کہ	خورشید	ملک	ت	نیابد	زوال
نہ دے تو	اجازت	ظلم (کی)	میں	کسی	حال	تاکہ	سورج	بادشاہی (کا)	تیری	نہ پائے	ختم ہونا

نہ دے تو ظلم کی اجازت کسی حال میں تاکہ تیری بادشاہی کا سورج نہ پائے زوال

مدہ: فعل نہی معروف، صیغہ واحد حاضر ۔ دادن مصدر

نیابد: فعل نفی مضارع معروف، صیغہ واحد غائب یافتن مصدر

ظلم: ظا پر زبر لام پر جزم بمعنی اندھیرا، تاریکی، ستم، بے انصافی، بے رحمی، زبردستی، زور اور زیادتی کے ہے۔

زد : فعل ماضی مطلق معروف، صیغہ واحد غائب
زدن مصدر

فُغاں : فا پر پیش

آرد : فعل مضارع معروف، صیغہ واحد غائب
آوردن مصدر

زند : فعل مضارع معروف، صیغہ واحد غائب
زدن مصدر

بیندیش : فعل امر معروف، صیغہ واحد حاضر
اندیشدن مصدر

مباش : فعل نہی معروف، صیغہ واحد حاضر
بودن مصدر

کسے کہ آتشِ ظلم زد در جہاں ‖ برآورد از اہلِ عالم فغاں

کسے	کہ	آتشِ	ظلم	زد	در	جہاں		بر	آورد	از	اہلِ	عالم	فغاں
جس شخص نے	کہ	آگ	ظلم کی	لگائی	میں	جہاں		باہر	لایا وہ	سے	والوں	جہاں	فریاد

جس شخص نے ظلم کی آگ لگائی جہاں میں وہ باہر لایا جہاں والوں سے فریاد

ستمکش گر آہے برآرد ز دل ‖ زند سوزِ او شعلہ در آب و گل

ستم	کش	گر	آہے	بر	آرد	ز	دِل		زند	سوزِ	او	شعلہ	در	آب	و	گل
ظلم	کھینچنے والا	اگر	ایک آہ	باہر	لائے	سے	دل		مارے	جلن	اس (کی)	شعلہ	میں	پانی	اور	مٹی

مظلوم اگر ایک آہ باہر لائے دل سے مارے جلن اُسکی شعلہ پانی اور مٹی میں

مکن بر ضعیفان بیچارہ زور ‖ بیندیش آخر ز تنگئ گور

مکن	بر	ضعیفاں	بیچارہ	زور		بیندیش	آخر	ز	تنگئ	گور
نہ کر	پر	کمزوروں	بیچارے	زور ظلم		سوچ	آخر	سے	تنگی	قبر (کی)

بیچارے کمزوروں پر ظلم نہ کر سوچ آخر قبر کی تنگی سے

بآزارِ مظلوم مائل مباش ‖ ز دودِ دل خلق غافل مباش

بہ	آزار	مظلوم	مائل	مباش		ز	دودِ	دل	خلق	غافل	مباش
کی	ستانے	مظلوم (کو)	خواہش کرنیوالا	نہ ہو		سے	دھوئیں	دل (کے)	مخلوق (کے)	بے خبر	نہ ہو

مظلوم کو ستانے کی خواہش کرنے والا نہ ہو مخلوق کے دل کے دھوئیں سے بے خبر نہ ہو

ف : حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ تعالے سے کسی نے پوچھا تمہاری توبہ کا باعث کیا ہے۔ آپ نے فرمایا میں نے ایک مرتبہ اپنے غلام کو مارا تو وہ کہنے لگا۔ اس رات کو یاد کیجئے جس کی صبح کو قیامت ہوگی۔

مکن مردم آزاری اے تندرائے						کہ ناگہ رسد بر تو قہر خدائے					
مکن	مردم	آزاری	اے	تندرائے		کہ	ناگہ	رسد	بر	تو	قہر	خدائے
نہ کر تو	لوگوں (کو)	ستانا	اے	بے وقوف		کہ	اچانک	پہنچے گا	پر	تجھ	غضب	خدا کا

تو نہ کر لوگوں کو ستانا اے بے وقوف کہ اچانک تجھ پر خدا کا غضب پہنچے گا

تند: تاپریشں
رسد: فعل مضارع معروف، صیغہ واحد غائب رسیدن مصدر

ستم بر ضعیفاں مسکین مکن					کہ ظالم بدوزخ رود بے سخن					
ستم	بر	ضعیفاں	مسکین	مکن	کہ	ظالم	بہ	دوزخ	رود	بے	سخن
ظلم	پر	کمزوروں	مسکین	نہ کر تو	کہ	ظالم	میں	دوزخ	جائے گا	بغیر	بات کے

تو ظلم مسکین کمزوروں پر نہ کر کیونکہ ظالم دوزخ میں جائے گا بے شک

رود: فعل مضارع معروف، صیغہ واحد غائب رفتن مصدر

در صفتِ قناعت

در	صفت	قناعت
میں	تعریف	تھوڑی چیز پر راضی ہونے کی

تھوڑی چیز پر راضی ہونے کی تعریف میں

قناعت: قاف پر زبر بمعنی تھوڑی چیز پر خوش رہنا، جو مل جائے اس پر راضی رہنا۔

دلا! اگر قناعت بدست آوری						در اقلیم راحت کنی سروری				
دل	ا	گر	قناعت	بہ	دست	آوری	در	اقلیم	راحت	کنی	سروری
دل	اے	اگر	قناعت	میں	ہاتھ	لائے تو	میں	ولایت	آرام کی	کرے گا تو	سرداری

اے دل اگر قناعت ہاتھ میں لائے تو آرام کی ولایت میں کرے گا تو سرداری

آوری: فعل مضارع معروف، صیغہ واحد حاضر آوردن مصدر

ف: کمزوروں اور بیچاروں پر ظلم نہیں رحم کرنا چاہیئے۔ رحم کی برکت سے آدمی دنیوی و اخروی کامیابیوں سے ہمکنار ہوتا ہے۔ امیر المؤمنین سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے ایک چڑیا کو ایک بچے کے ہاتھوں دیکھا، آپ نے رحم فرماتے ہوئے بچے سے چڑیا کو خرید کر آزاد کر دیا۔ جب آپ نے وصال فرمایا تو بعد از وصال کسی صحابی کو خواب میں آپ کی زیارت ہوئی انہوں نے قبر میں سوال و جواب کے بارے میں دریافت کیا تو آپ نے فرمایا جب منکر نکیر سوال کے لیے حاضر ہوئے تو آواز آئی فرشتو! واپس جاؤ۔ میرے بندے کو سوال کر کے پریشان نہ کرو اس نے ایک روز میری چھوٹی سی مخلوق چڑیا کو بچے کے ہاتھوں خرید کر آزاد کر دیا تھا۔ میں نے اسی کے سبب آخرت کی کامیابیوں سے انہیں بہرہ مند فرما دیا ہے۔

اگر تنگدستی ز سختی منال							که پیش خردمند ہیچ ست مال				
اگر	تنگ	دستی	ز	سختی	منال		که	پیش	خردمند	ہیچ	ست مال
اگر	تنگ	ہاتھ ہے تو	سے	سختی	نہ رو		کہ	سامنے (کے)	عقلمند	بے قدر	ہے مال
اگر تو تنگ ہاتھ ہے تو سختی سے نہ رو کیونکہ عقلمند کے سامنے بے قدر ہے مال											
ندارد خردمند از فقر عار							که باشد نبی را ز فقر افتخار				
ندارد	خردمند	از	فقر	عار			که	باشد	نبی	را ز	فقر افتخار
نہیں رکھتا	عقلمند	سے	فقیری	شرم			کیونکہ	ہوتا ہے	نبی	کو سے	فقیری فخر
عقلمند فقیری کی وجہ سے شرم نہیں رکھتا کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فقیری سے فخر ہوتا ہے											
غنی را زر و سیم آرائش ست							ولیکن فقیر اندر آسائش ست				
غنی	را	زر	و	سیم	آرائش ست		و	لیکن	فقیر	اندر	آسائش ست
مالدار	کے لیے	سونا	اور	چاندی	زینت ہے		اور	لیکن	فقیر	میں	آرام ہے
مالدار کے لیے سونا اور چاندی زینت ہے اور لیکن فقیر آرام میں ہے											
غنی گر نباشی مکن اضطراب							که سلطان نخواہد خراج از خراب				
غنی	گر	نباشی	مکن	اضطراب			که	سلطان	نہ خواہد	خراج از	خراب
مالدار	اگر	نہیں ہے تو	نہ کر	بے چینی			کہ	بادشاہ	نہیں چاہتا	ٹیکس سے	ویران
اگر تو مالدار نہیں ہے تو نہ کر بے چینی کیونکہ بادشاہ ٹیکس ویران زمین سے نہیں چاہتا											

منال : فعل نہی معروف، صیغہ واحد حاضر نالیدن مصدر

ندارد : فعل نفی مضارع، صیغہ واحد غائب داشتن مصدر

نباشی : فعل نفی مضارع معروف، صیغہ واحد حاضر بودن مصدر

خراج : خا پر زبر

ف : فقراء سے مراد وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے دل کو دنیوی خواہشات سے خالی کیا ہوتا ہے ان کا باطن دنیا کے حصول اور اغراض سے محفوظ ہوتا ہے اور ان کا نفس آفاتِ شر سے بچا ہوتا ہے۔ انہوں نے اللہ کے احکام کو مکمل طور پر اپنے اوپر وارد کیا ہوتا ہے ان کا ظاہر اور باطن یکساں ہوتا ہے جو ان کے دل میں ہوتا ہے وہی ان کی زبان پر ہوتا ہے ان پر ہر دم اطاعت الٰہی کا غلبہ رہتا ہے۔

فقراء کے بارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فقیر لوگ جنت میں امیروں سے پانچ سو برس پہلے داخل ہوں گے جو کہ نصف دن ہے۔

قناعت بہر حال اولیٰ ترست							قناعت کند ہر کہ نیک اختر ست						
قناعت	بہ	ہر	حال	اولیٰ	تر	ست	قناعت	کند	ہر کہ	نیک	اختر	ست
قناعت	میں	ہر	حال	بہتر	زیادہ	ہے	قناعت	کرتا ہے	جو کہ	اچھے	ستارے (والا)	ہے

قناعت ہر حال میں زیادہ بہتر ہے قناعت کرتا ہے جو کہ اچھے ستارے والا ہے

